# پی ایم جی کی عید ملن محفل، موسیقی اور محبتوں سے سجی

Snippets, نَفِرجہان - Entertainment,

rki.news

پنجاب میوزک گروپ (پی ایم جی) انٹرنیشنل چیف آرگنائزر جناب نزاکت علی خان کے زیر اہتمام عید الاضحی یعنی بڑی عید کی بڑی خوشیوں سے لطف اندوز ہونے کے لئے عید ملن پارٹی پر بسد احترام مدعو کیا

سمندر پار پاکستانیوں کو وطن عزیز سے دور عید کی خوشیاں بانٹنے کا مشن پی ایم جی بخوبی جانتا ہے اور باقاعدہ اپنے ممبرز اور فیملیز کو شاندار ایونٹس سے محظوظ کرتا رہتا ہے عید قرباں اور بلخصوص سنت ابراہیمی کے فرائض سر انجام دینے کے بعد اگر میوزک نائٹ ود بار بی کیو کا انتظام ہو تو پی ایم جی (یو اے ای) کی تعریف تو بنتی ہے نا

محفل سرور و موسیقی کا اہتمام الشکور ریسٹورنٹ کے مالک جناب عامر اقبال صاحب کے تعاون سے عجمان ریاست میں ترتیب دیا گیا تھا پروگرام کے منتظم خاص جناب جہانزیب زبیر چوہدری تھے جنہوں نے تمام مہمانوں اور فنکاروں کا پرتپاک ویلکم کیا

پروگرام کو سجانے اور چار چاند لگانے شارجہ سے مشہور سنگر استاد ندیم ایاز صاحب نے خصوصی شرکت فرمائی، اسی اثناء میں استاد شوکت جمال صاحب جو مشہور زمانے شو (Shetar Surk) کے ونر نبیل شوکت علی کے والد محترم ہیں نے بھی ہماری دعوت قبول فرمائیے دیگر پرفارمرز میں سنگر ظہور احمد، Jaboo صاحب، حنان شیخ صاحب اور ہنی شیخ صاحب (شاگرد استاد ندیم ایاز) نمایاں رہے اور حاظرین سے خوب داد سمیٹیے

بار بی کیو اور عربی قہوہ جات کے ہمراہ یہ روح پرور تقریب رات گئے تک جاری رہی جس میں کمپئرنگ و ہوسٹنگ نزاکت علی خان کے سپرد رہیے اختتام پر تمام پرفارمرز کو اعزازی سند اور پی ایم جی شیلڈز سے بھی نوازا گیا اسی موقع کی مناسبت سے پی ایم جی نے عجمان میں فن موسیقی سے وابستہ میوزک اکیڈمی بنانے کا اعادہ بھی کیا اور استاد ندیم ایاز، شوکت جمال، ظہور احمد باشت اور عامر اقبال صاحب کو پی ایم جی کے بانی ممبران بھی مقرر کیا حاضرین محفل میں ہمارے چاہنے والے محمد اکرم باوا، الطاف صاحب اور فیملیز جن میں خصوصاً مس صائمہ ناز اور مس ثناء ڈول شامل تھیں نے خوب نیک خواہشات کا اظہار کیا اور نزاکت علی کا شکریہ بھی ادا کیا

پی ایم جی اپنی عجمان اکیڈمی کے افتتاح پر ندیم ایاز کے نام ایک شام سے انشاء اللہ آپ کے اگلے پروگرام کا آغاز کرے گی تب تک اللہ آپکا حامی و ناصر ہو

---

Post Date: June 19, 2025 PDF Created On: Thu, Dec 18 2025 07:10:18 pm

---

Read This Post On RKI Website